
# اپنا ®EASYHALER استعمال کرنے کی ہدایات

Easyhaler کو استعمال اور اسٹور کرنے کے طریقوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم پیکیج کا کتابچہ ملاحظہ کریں۔

## کیسے شروعات کریں؟




- Easyhaler کا ہر نیا آلہ پاؤڈر کو خشک رکھنے کے لیے دھاتی ورق والی تھیلی میں آتا ہے۔
- جب تک آپ اپنے Easyhaler ان ہیلر کا استعمال شروع کرنے کے لیے تیار نہ ہوں، تب تک تھیلی نہ کھولیں۔
- Easyhaler ڈیوائس میں ایک ہٹائی جانے کے قابل ڈسٹ کیپ کے ساتھ ایک ماؤتھ پیس ہوتا ہے۔
- یقینی بنائیں کہ جب آپ استعمال نہ کر رہے ہوں تو ڈسٹ کیپ آپ کے Easyhaler ڈیوائس کے ماؤتھ پیس کو ڈھانپے رکھے۔ یہ کسی بھی دوا کے حادثاتی طور پر خارج ہونے کی روک تھام کرے گا۔

## ®EASYHALER ہدایات کی ویڈیو

مجھے اسکین کریں


Easyhaler کو استعمال کرنے کے طریقے متعلق ویڈیو دیکھنے کے لیے اس صفحہ پر QR کوڈ اسکین کریں۔

آپ QR کوڈز کو اپنی Easyhaler کی ڈیوائس کے لیبل کے ایک طرف میں، پیکیج کے کارٹن پر اور پیکیج کے کتابچے پر بھی تلاش کر سکتے ہیں۔

بطور متبادل، یہ مواد دیکھنے کے لیے www.oeh.fi/uk ملاحظہ کریں۔


## اپنے ®EASYHALER سے ایک خوراک کیسے لیں؟

### ۱. ہلائیں




- ڈسٹ کیپ ہٹائیں۔
- ان ہیلر کو اپنی شہادت والی انگلی اور انگوٹھے کے درمیان رکھیں۔
- عمودی حالت میں کر کے ۳ سے ۵ مرتبہ **اِن ہیلر کو ہلائیں۔**

### ۲. کلک کریں



- **نیچے دبائیں،** جب تک کہ آپ کو ایک کلک کی اواز سنائی نہ دے۔
- پھر اسے اس کی اصل پوزیشن پر واپس آنے دیں۔

### ۳. سانس اندر کھینچیں



- ڈیوائس سے ہٹ کر نارمل طور پر سانس باہر نکالیں۔
- ان ہیلر کے ماؤتھ پیس کو اپنے منہ میں رکھیں، اپنے ہونٹوں کو ماؤتھ پیس کے اردگرد مضبوطی سے بند کر لیں۔
- **ایک مضبوط اور گہرا سانس اندر کھینچیں۔**
- ان ہیلر کو اپنے منہ سے باہر نکال لیں اور کم از کم ۵ سیکنڈ تک اپنا سانس روک کر رکھیں۔
- معمول کی طرح سانس باہر نکال دیں۔
- اگر آپ کے نسخہ کے مطابق آپ کو ایک سے زیادہ خوراک لینے کی ضرورت ہے، تو جب بھی آپ اپنا ان ہیلر استعمال کریں تو مراحل ۱ سے ۳ تک کو دہرائیں۔ جب آپ مکمل کر لیں تو ماؤتھ پیس پر ڈسٹ کیپ واپس لگا دیں۔
- اگر آپ کی Easyhaler ڈیوائس میں اندر کھینچا ہوا کورٹیکو سٹیرائیڈ (مزاحم) شامل ہے تو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے منہ اور گلے کی پانی سے کلی کر کے باہر تھوک دیتے ہیں۔ اسے مت نگلیں۔ اس سے منہ کے فنگل انفیکشن (منہ کے چھالے) کے خطرے کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔


ATC 2023 Association of Translation Companies Certified Translation produced by TW Languages Member No. 2023ATCAC1146



February 2023/EASYH-413j(2)

# اپنا ®EASYHALER استعمال کرنے کی ہدایات


## حفاظتی کور



- حفاظتی کور اختیاری ہے۔ حفاظتی کور کھولیں اور ان ہیلر کو اس میں داخل کریں۔
- حفاظتی کور استعمال کرتے وقت، کور کھولیں اور ان مراحل پر عمل کریں:

  ۱. ہلائیں، ۲. کلک کریں اور ۳. سانس اندر کھینچیں
- ڈسٹ کیپ واپس لگا دیں اور پھر کور کو حفاظتی کور پر بند کر دیں۔


## صفائی



- ماؤتھ پیس کو صاف خشک کپڑے یا ٹشو سے صاف کریں۔
- اپنے ®Easyhaler کو صاف کرنے کے لیے پانی یا دیگر مائعات کا استعمال نہ کریں۔ آپ کے ان ہیلر میں موجود پاؤڈر نمی کے لیے حساس ہو سکتا ہے۔
- اگر آپ ایک حفاظتی کور استعمال کر رہے ہیں، تو آپ کو ماؤتھ پیس صاف کرنے کے لیے ان ہیلر ہٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔

## کیا کرنا ہے جب...


### آپ نے ایک سے زیادہ مرتبہ کلک کر دیا ہو؟




- کیا آپ نے غلطی سے ان ہیلر پر کلک کر دیا؟ یہ بات اہم ہے کہ مناسب خوراک کو یقینی بنانے کے لیے صرف ایک بار کلک کیا جائے۔

### کیا آپ نے ان ہیلر میں سانس خارج کیا؟

- کیا آپ نے ان ہیلر **میں** سانس اندر کھینچا؟ یہ ضروری ہے کہ آپ ان ہیلر کے ماؤتھ پیس میں سانس نہ لیں کیونکہ اس سے ان ہیلر بند ہو سکتا ہے۔




### حل

### ماؤتھ پیس خالی کریں!

- پاؤڈر کو میز کی سطح یا اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر خالی کرنے کے لیے ماؤتھ پیس پر تھپتھپائیں۔
- پھر ان مراحل کے ساتھ دوبارہ شروع کریں:

  ۱. ہلائیں، ۲. کلک کریں اور ۳. سانس اندر لیں۔

## ایک نیا EASYHALER حاصل کرنا




- ان ہیلر کی سائیڈ پر خوراک کا ایک شمار کنندہ ہوتا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کے آلے میں کتنی خوراکیں باقی ہیں۔
- شمار کنندہ ہر پانچویں خوراک کے بعد گھومتا ہے اور دکھائی گئی تعداد ۱۰ کی اکائیوں میں کم ہو جاتی ہے۔
- جب خوراک کا شمار کنندہ سرخ ہو جاتا ہے، تو ۲۰ خوراکیں باقی رہ جاتی ہیں۔ اگر آپ کے پاس پہلے سے ایک نیا ان ہیلر نہیں ہے تو نئے نسخے کے لیے اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
- **جب شمار کنندہ ۰ تک پہنچ جاتا ہے، تو آپ کو ان ہیلر تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔**
- اگر حفاظتی کور استعمال کر رہے ہیں، تو براہ مہربانی اسے اپنے اگلے ان ہیلر کے ساتھ استعمال کرنے کے لیے اپنے پاس رکھیں۔

اگر آپ کو کسی ضمنی اثرات کا سامنا ہو تو اپنے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا نرس سے بات کریں۔
اس میں کوئی بھی ممکنہ ضمنی اثرات شامل ہو سکتے ہیں جو پیکیج کتابچے میں درج نہیں۔
آپ ضمنی اثرات سے متعلق ییلو کارڈ (Yellow Card) اسکیم کے ذریعے اس پر براہ راست اطلاع بھی دے سکتے ہیں:
www.mhra.gov.uk/yellowcard.
ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر، آپ دوا کے محفوظ ہونے کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔


February 2023/EASYH-413j(2)

اس مواد کو ری سائیکل کردہ کاغذ کا استعمال کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے

ATC 2023 Association of Translation Companies — Certified Translation produced by TW Languages — Member No. 2023ATCAC1146

Orion Pharma (UK) Ltd, Abbey Gardens,
4 Abbey Street, Reading, RG1 3BA, UK